Direct cargo ferry service between India and Maldives starts today (Another milestone in the comprehensive bilateral relations between India and Maldives: Shri Mandaviya)

September 21, 2020

ہندوستان اور مالدیپ کے مابین براہ راست کارگو فیری سروس کا آج سے آغاز (ہندوستان اور مالدیپ کے مابین جامع باہمی تعلقات کا ایک اور سنگ میل: جناب منڈاویا)

21 ستمبر، 2020

وزیر مملکت برائے جہاز رانی (آزادانہ چارج)، جناب منسکھ منڈاویا اور مالدیپ کے وزیر برائے ٹرانسپورٹ اور شہری ہوا بازی، محترمہ عائشہ ناہولا نے آج مشترکہ طور پر ہندوستان اور مالدیپ کے مابین براہ راست کارگو فیری سروس کا افتتاح کیا۔

اپنے پہلے سفر کے دوران 200 ٹی ای یو (بیس-فٹ مساوی اکائی) اور 3000 میٹرک ٹن کارگو کی صلاحیت کے ساتھ ایک فیری ٹیوٹی کورن سے آج کوچی کے لئے روانہ ہوگی، جہاں سے یہ شمالی مالدیپ کے کُلہودھوفوشی بندرگاہ کے لئے روانہ ہوگی، اور پھر وہاں سے مالے کی بندرگاہ پہنچے گی۔ یہ کُلہودھوفوشی 26 ستمبر 2020 کو پہنچے گی اور 29 ستمبر 2020 کو مالے پہنچے گی۔ ہندوستان کی جہاز رانی کی کارپوریشن کے ذریعے چلائے جانے والی فیری سروس ایک مہینے میں دو مرتبہ چلے گی اور ہندوستان اور مالدیپ کے درمیان سازو سامان کی نقل وحمل کے لئے کفایت شعار، براہ راست اور متبادل ذرائع فراہم کرے گی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جہاز رانی کے وزیر مملکت (آزادانہ چارج)، جناب منڈاویا نے کہا کہ یہ سروس ہندوستان اور مالدیپ کے درمیان جامع باہمی تعلقات میں ایک اور سنگ میل ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس براہ راست کارگو سروس سے عوام سے عوام کے درمیان تعلقات کو بہتری ملے گی اور باہمی تجارت کو فروغ دے کر ہندوستان اور مالدیپ کے درمیان قریبی تعلقات کو مزید استحکام حاصل ہوگا۔

مالدیپ کی ٹرانسپورٹ اور شہری ہوابازی کی وزیر محترمہ عائشہ ناہولا نے اس سروس کے آغاز کو ہندوستان اور مالدیپ کے درمیان دوستانہ اور تعاون کے قریبی اور مستحکم تعلقات کی عکاسی کرنے کے لئے ستائش کی۔

اس سروس کا آغاز گزشتہ برس جون میں وزیر اعظم جناب نریندر مودی کے دورہ مالدیپ کے دوران کئے گئے عزم اور 13 اگست 2020 کو وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور مالدیپ کے وزیر خارجہ کے درمیان منعقدہ ورچوول میٹنگ کے دوران کئے گئے اعلان کی تکمیل ہے۔

ہندوستان کی جہاز رانی کی وزارت، امور خارجہ کی وزارت اور مالدیپ کے حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

نئی دہلی

21 ستمبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.